(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## شادی

پاکستان میں شادی اور گھریلو سلوک واتفاق کے حوالے سے جاری ہونے والی 1 پریس ریلیز

"گزشتہ ہفتے کے دوران شوہر/بیوی کے درمیان لڑائی جھگڑا"

**پاکستانی شادی شدہ افراد میں سے، صرف 18% نے گزشتہ ہفتے کے دوران اپنے شریک حیات کے ساتھ لڑائی/ جھگڑا ہونے کی اطلاع دی؛ خواتین اور کم تعلیم یافتہ افراد میں گھریلو اختلافات نسبتاً زیادہ پائے گئے۔**

(گیلپ&گیلانی سروے)

(اسلام آباد، 05نومبر 2025


گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانی شادی شدہ افراد میں سے، صرف 18% نے گزشتہ ہفتے کے دوران اپنے شریک حیات کے ساتھ لڑائی/ جھگڑا ہونے کی اطلاع دی؛ خواتین اور کم تعلیم یافتہ افراد میں گھریلو اختلافات نسبتاً زیادہ پائے گئے۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور گھریلو سلوک واتفاق کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب شادی شدہ خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی بتائیں کہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران آپ اور آپ کے شوہر/بیوی کے درمیان لڑائی ہوئی ہے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 82% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" گزشتہ ایک ہفتے کے دوران اُن کے اور اُن کے شوہر/بیوی کے درمیان لڑائی نہیں ہوئی ہے، جبکہ 18% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" گزشتہ ایک ہفتے کے دوران اُن کے اور اُن کے شوہر/بیوی کے درمیان لڑائی ہوئی ہے۔

سروے کے نتائج یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زیادہ تر پاکستانی شادی شدہ افراد پُراعتماد اور پُرسکون گھریلو زندگی گزار رہے ہیں، اگرچہ شادی شدہ افراد کی کم شرح نے وقتی اختلافات کا ذکر کیا ہے، جو ازدواجی زندگی کا معمولی حصہ سمجھا جاتا ہے۔ مجموعی طور پر، یہ نتائج پورے ملک میں خاندانی اتفاق و سکون کی ایک مثبت تصویر پیش کرتے ہیں۔


**" برائے مہربانی بتائیں کہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران آپ اور آپ کے شوہر/بیوی کے درمیان لڑائی ہوئی ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 579 شادی شدہ خواتین اور مرد حضرات، سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** گزشتہ ہفتے کے دوران اپنے شریک حیات کے ساتھ لڑائی/ جھگڑا ہونے کے حوالے سے شرح مرد حضرات (13%) کی نسبت خواتین میں نمایاں طور پر زیادہ پائی گئی (22%)، دونوں میں 9% کے درمیانی فرق کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ فرق اس بات کی علامت ہو سکتا ہے کہ خواتین یا تو ازدواجی اختلافات کو تسلیم کرنے میں زیادہ کھلی اور صاف گو ہیں، یا وہ گھریلو تنازعات کو مردوں کے مقابلے میں مختلف انداز سے محسوس ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** شریک حیات کے ساتھ لڑائی/ جھگڑا ہونے کے حوالے سے شرح ایف اے یا اس سے زائد تعلیم یافتہ افراد (11%) کی نسبت ایف اے یا اس سے کم تعلیم یافتہ افراد میں زیادہ پائی گئی (19%)۔ یہ فرق ظاہر کرتا ہے کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ شادی شدہ افراد میں گھریلو اختلافات کی شرح نسبتاً کم ہے، جو ممکنہ طور پر بہتر بات چیت یا تنازعات حل کرنے کی بہتر صلاحیتوں کی عکاسی کرتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 5th November 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* **Gallup Pakistan** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)